# اتوار 31 مئی ،2026

# مضمون۔ قدیم وجدید جادو گری، عُرفیت، تنویم اور علمِ نومیات سے انکار

## سنہری متن: زبور 119 باب 30 آیت

---

’’میں نے وفاداری کی راہ اختیار کی ہے۔ میں نے تیرے احکام اپنے سامنے رکھے ہیں۔‘‘

---

جوابی مطالعہ: ططس 2 باب 1 آیت

ططس 1 باب 10 آیت

ططس 2 باب 11 تا 14 آیات

1۔ لیکن تو وہ باتیں بیان کر جو صحیح تعلیم کے مناسب ہیں۔

10۔ کیونکہ بہت سے لوگ سر کش اور بیہودہ گو ہیں۔

11۔ کیونکہ خدا کا وہ فضل ظاہر ہوا ہے جو سب آدمیوں کی نجات کا باعث ہے۔

12۔ اور ہمیں تربیت دیتا ہے کہ بے دینی اور دنیوی خواہشوں کا انکار کر کے اس موجودہ جہان میں پرہیز گاری اور راستبازی اور دینداری کے ساتھ زندگی گزاریں۔

13۔ اور اُس مبارک امید یعنی اپنے بزرگ خدا اور منجی یسوع مسیح کے جلال کے ظاہر ہونے کے منتظر رہیں۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ’’سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ‘‘ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

14۔ جس نے اپنے آپ کو ہمارے واسطے دے دیا تاکہ فدیہ ہو کر ہمیں ہر طرح کی بے دینی سے چھڑا لے اور پاک کر کے اپنی خاص ملکیت کے لئے ایک ایسی امت بنائے جو نیک کاموں میں سر گرم ہو۔

## درسی وعظ

## بائبل میں سے

### 1۔ زکریاہ 8 باب 3، 16، 17 آیات

3۔ خداوند یوں فرماتا ہے کہ میں صیون میں واپس آیا ہوں اور یروشلیم میں سکونت کروں گا اور یروشلیم کا نام شہرِ صدق ہو گا اور رب الافواج کا پہاڑ کوہِ مقدس کہلائے گا۔

16۔ تم اِن باتوں پر عمل کرو۔ تم سب اپنے پڑوسیوں سے سچ بولو اور اپنے پھاٹکوں میں راستی سے عدالت کرو۔

17۔ اور تم میں سے کوئی اپنے بھائی کے خلاف دل میں برا منصوبہ نہ باندھے اور جھوٹی قسم کو عزیز نہ رکھے کیونکہ میں اِن سب باتوں سے نفرت رکھتا ہوں خداوند فرماتا ہے۔

### 2۔ پیدائش 12 باب 10 تا 16 (تا :)، 17 تا 20 آیات

10۔ اور اُس ملک میں کال پڑا اور ابرام مصر کو گیا کہ وہاں ٹکا رہے کیونکہ ملک میں سخت کال تھا۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

11۔اور ایسا ہوا کہ جب وہ مصر میں داخل ہونے کا تھا تو اُس نے اپنی بیوی سارہ سے کہا کہ دیکھ میں جانتا ہوں کہ تو دیکھنے میں خوبصورت عورت ہے۔

12۔اور یوں ہو گا کہ مصری تجھے دیکھ کر کہیں گے کہ یہ اُس کی بیوی ہے۔ سو وہ مجھے تو مار ڈالیں گے۔ مگر تجھے زندہ رکھ لیں گے۔

13۔سو تو یہ کہہ دینا کہ میں اِس کی بہن ہوں تاکہ تیرے سبب سے میری خیر ہو اور میری جان تیری بدولت بچی رہے۔

14۔اور یوں ہوا کہ جب ابرام مصر میں آیا تو مصریوں نے اُس عورت کو دیکھا کہ وہ نہایت خوبصورت ہے۔

15۔اور فرعون کے اُمرا نے اُسے دیکھ کر فرعون کے حضور میں اُس کی تعریف کی اور وہ عورت فرعون کے گھر میں پہنچائی گئی۔

16۔اور اُس نے اُس کی خاطر ابرام پر احسان کیا اور بھیڑ بکریاں اور گائے بیل اور گدھے اور غلام اور لونڈیاں اور گدھیاں اور اونٹ اُس کے پاس ہو گئے۔

17۔پر خداوند نے فرعون اور اُس کے خاندان پر ابرام کی بیوی سارہ کے سبب سے بڑی بلائیں نازل کیں۔

18۔تب فرعون نے ابرام کو بلا کر اُس سے کہا کہ تو نے مجھ سے یہ کیا کیا؟ تو نے مجھے کیوں نہ بتایا کہ یہ تیری بیوی ہے؟

19۔یہ کیوں کہا کہ وہ میری بہن ہے ؟اِسی لئے میں نے اُسے لیا کہ وہ میری بیوی بنے۔ سو دیکھ تیری بیوی حاضر ہے۔اُس کو لے اور چلا جا۔

20۔اور فرعون نے اُس کے حق میں اپنے آدمیوں کو ہدایت کی اور انہوں نے اُسے اور اُس کی بیوی کو اُس کے سب مال کے ساتھ روانہ کر دیا۔

## 3۔ امثال 12 باب 22 آیت

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

22۔ جھوٹے لبوں سے خداوند کو نفرت ہے لیکن راستکار اس کی خوشنودی ہے۔

## 4۔ پیدائش 15 باب 1، 6 آیات

1۔ ان باتوں کے بعد خداوند کا کلام رویا میں ابرام پر نازل ہوا اور اُس نے فرمایا اے ابرام تو مت ڈر۔ میں تیری سپر اور تیرا بہت بڑا اجر ہوں۔

6۔ اور وہ خداوند پر ایمان لایا اور اُسے اُس کے حق میں راستبازی شمار کیا۔

## 5۔ پیدائش 17 باب 1، 5 (تا ؛)، 9 (تا دوسری ،)

1۔ جب ابرام ننانوے برس کا ہوا تب خداوند ابرام کو نظر آیا اور اُس سے کہا میں خدائے قادر ہوں۔ تُو میرے حضور میں چل اور کامل ہو۔

5۔ اور تیرا نام پھر ابرام نہیں کہلائے گا بلکہ تیرا نام ابراہام ہو گا کیونکہ میں نے تجھے بہت قوموں کا باپ ٹھہرا دیا ہے۔

9۔ پھر خدا نے ابرام سے کہا کہ تُو میرے عہد کو ماننا اور تیرے بعد تیری نسل پشت در پشت اُسے مانے۔

## 6۔ رومیوں 4 باب 1، 3، 7 (مبارک)، 8 آیات

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، "سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ" میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

1۔ پس ہم کیا کہیں کہ ہمارے جسمانی باپ ابرہام کو کیا حاصل ہوا؟

3۔ کتابِ مقدس کیا کہتی ہے؟ یہ کہ ابرہام خدا پر ایمان لایا اور یہ اُس کے لئے راستبازی گنا گیا۔

7۔ کہ مبارک وہ ہیں جن کی بدکاریاں معاف ہوئیں اور جن کے گناہ ڈھانکے گئے۔

8۔ مبارک وہ شخص ہے جس کے گناہ خداوند محسوب نہ کرے گا۔

## 7۔ رومیوں 12 باب 1تا3 آیات

1۔ پس اے بھائیو۔ میں خدا کی رحمتیں یاد دلا کر تم سے التماس کرتا ہوں کہ اپنے بدن ایسی قربانی ہونے کے لئے نذر کرو جو زندہ اور پاک اور خدا کو پسندیدہ ہو۔ یہی تمہاری معقول عبادت ہے۔

2۔ اور اس جہان کے ہمشکل نہ بنو بلکہ عقل نئی ہو جانے سے اپنی صورت بدلتے جاؤ تا کہ خدا کی نیک اور پسندیدہ اور کامل مرضی تجربہ سے معلوم کرتے رہو۔

3۔ میں اُس توفیق کی وجہ سے جو مجھ کو ملی ہے تم میں سے ہر ایک سے کہتا ہوں کہ جیسا سمجھنا چاہیے اُس سے زیادہ کوئی اپنے آپ کو نہ سمجھے بلکہ جیسا خدا نے ہر ایک کو اندازہ کے موافق ایمان تقسیم کیا ہے اعتدال کے ساتھ اپنے کو ویسا ہی سمجھے۔

## 8۔ 2 کرنتھیوں 10 باب 3تا5 آیات

3۔ کیونکہ ہم اگرچہ جسم میں زندگی گُذارتے ہیں مگر جسم کے طور پر لڑتے نہیں۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

4۔اس لئے کہ ہماری لڑائی کے ہتھیار جسمانی نہیں بلکہ خدا کے نزدیک قلعوں کو ڈھا دینے کے قابل ہیں۔

5۔ چنانچہ ہم تصورات اور ہر ایک اونچی چیز کو جو خدا کی پہچان کے بر خلاف سر اٹھائے ہوئے ہے ڈھا دیتے ہیں اور ہر ایک خیال کو قید کر کے مسیح کا فرمانبردار بنا دیتے ہیں۔

## 9۔ مکاشفہ 14 باب 1، 3 (تا پہلی ،)، 4 (یہ وہ ہیں جو پیروی کرتے ہیں)، 5 آیات

1۔ پھر میں نے نگاہ کی تو کیا دیکھتا ہوں کہ وہ برّہ صیون کے پہاڑ پر کھڑا ہے اور اُس کے ساتھ ایک لاکھ چوالیس ہزار شخص ہیں جن کے ماتھے پر اُس کا اور اُس کے باپ کا نام لکھا ہوا ہے۔

3۔اور وہ تخت کے سامنے ایک نیا گیت گا رہے تھے۔

4۔ یہ وہ ہیں جو عورتوں کے ساتھ آلودہ نہیں ہوئے بلکہ کنوارے ہیں۔ یہ وہ ہیں جو برّہ کے پیچھے پیچھے چلتے ہیں۔ جہاں کہیں وہ جاتا ہے، یہ خدا اور برّہ کے لئے پہلے پھل ہونے کے واسطے آدمیوں میں سے خرید لئے گئے ہیں۔

5۔اور اُن کے منہ سے کبھی جھوٹ نہ نکلا تھا۔ وہ بے عیب ہیں۔

## 10۔ مکاشفہ 15 باب 2، 3 آیات

2۔ پھر میں نے شیشہ کا سا ایک سمندر دیکھا جس میں آگ ملی ہوئی تھی اور جو اُس حیوان اور اُس کے بت اور اُس کے نام کے عدد پر غالب آئے تھے اُن کو اُس شیشہ کے سمندر کے پاس خدا کی بربطیں لئے کھڑے ہوئے دیکھا۔

3۔اور وہ خدا کے بندہ موسیٰ کا گیت اور برّہ کا گیت گا گا کر کہتے تھے اے خداوند خدا۔ قادرِ مُطلق! تیرے کام بڑے اور عجیب ہیں۔اے ازلی بادشاہ! تیری راہیں راست اور دُرست ہیں۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

# سائنس اور صحت

## 1۔ 16:453(ایمانداری)۔20

ایمانداری روحانی طاقت ہے۔ بے ایمانی انسانی کمزوری ہے، جو الٰہی مدد کو ضائع کرتی ہے۔ آپ گناہ کو سامنے لاتے ہیں زخمی کرنے کے لئے نہیں بلکہ جسمانی انسان کو برکت دینے کے لئے؛ اور ایک درست مقصد اپنا اجر پاتا ہے۔

## 2۔ 30۔10:448

سچائی کی حیلے بازی سالمیت کو اپاہج کرتی ہے، اور آپ کو چوٹی سے نیچے گرا دیتی ہے۔

کرسچن سائنس جسمانی احساسات کے ثبوت سے بلند اٹھتی ہے؛ لیکن اگر آپ نے خود کو گناہ سے اوپر نہیں اٹھایا، تو اپنے بدی کے اندھے پن پر یا کسی ایسی اچھائی پر جسے آپ جانتے ہیں اور عمل نہیں کرتے خود کو مبارکباد مت دیں۔ ایک بے ایمان حالت مسیحی سائنسی حالت سے کوسوں دور ہے۔ ”جو اپنے گناہوں کو چھپاتا ہے کامیاب نہ ہو گا لیکن جو اُن کا اقرار کر کے اُن کو ترک کرتا ہے اُس پر رحمت ہو گی۔“ یہ جانتے ہوئے کہ سچائی اور محبت کے عظیم نتائج کو حاصل کرنا غلطی، برائی اور نفرت کے لئے ناممکن ہے، ہر طالب علم کے ذہن پر الٰہی سائنس کا مضبوط اثر، شفایابی کے لئے درکار اخلاقی اور روحانی قابلیت کا ایک اعلیٰ احساس، چھوڑنے کی کوشش کریں۔ مکمل کرسچن سائنس کے مخالف ہدایات کا استقبال یا تعاقب ہمیشہ سائنسی مظاہرے میں رکاوٹ بنتا ہے۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

اگر طالب علم کرسچن سائنس کی تعلیمات پر سختی سے عمل کرتا ہے اور اُس کے اصولوں کو توڑنا نہیں چاہتا ہے تو وہ شفایابی میں کامیابی سے محروم نہیں ہو سکتا۔ صحیح کرنا کرسچن سائنس ہے، اور نیکی کرنے سے کم کسی چیز کے نام پر کوئی دعویٰ نہیں ہے۔

**3۔ 29-23:127**

چونکہ تمام تر سچائی الٰہی عقل سے جاری ہوتی ہے اس لئے اس میں جسمانی سائنس نہیں ہے۔ اس لئے سچائی انسان نہیں ہے، اور یہ مادے کا قانون نہیں ہے کیونکہ مادہ قانون دینے والا نہیں ہے۔ سائنس الٰہی عقل کا ظہور ہے اور صرف یہی خدا کی صحیح تشریح کرنے کے قابل ہے۔ اس کا اصل روحانی ہے نہ کہ مادی۔ یہ الٰہی اظہارِ خیال ہے، یعنی تسلی دینے والا جو سچائی کی جانب گامزن کرتا ہے۔

**4۔ 18:446(میں)۔23**

عقل کی شفائیہ سائنس میں ایماندار ہونا بہت ضروری ہے، کیونکہ فتح ناقابل تغیر سچ پر بنیاد رکھتی ہے۔ خدا کو سمجھنا اُمید کو مظبوط کرتا ہے، اور یسوع کے کلام کی تصدیق کرتا ہے: ”دیکھو میں دنیا کے آخر تک ہمیشہ تمہارے ساتھ ہوں۔“

**5۔ 26-7:570**

جب خدا بیمار یا گناہ کرنے والے کو شفا دیتا ہے انہیں اُس بڑے فائدے سے واقف ہونا چاہیئے جو عقل اُن کے لئے لائی ہے۔ انہیں فانی عقل کے اُس بڑے بھرم سے بھی واقف ہونا چاہیئے جو انہیں بیمار یا گناہگار بناتی ہے۔ بہت سے لوگ الٰہی عقل میں بسنے والی اچھی طاقت کے لئے دوسروں کی آنکھیں کھولنا چاہتے ہیں، مگر وہ انسانی سوچ میں چھپی بدی کی طرف اشارہ کرنے اور بدی کی تکمیل کرنے والے پوشیدہ ذہنی طریقوں کو ایاں کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔

ایسی پسماندگی کیوں، جبکہ بدی سے اجتناب کو یقینی بنانے کے لئے انکشاف ضروری ہے؟ کیونکہ لوگ آپ کو اُس وقت زیادہ پسند کرتے ہیں جب آپ انہیں اُن کی خوبیاں بتائیں بہ نسبت اِس کے جب آپ انہیں اُن کی برائیاں بتائیں۔

## 6۔ 184: 6۔18

ایمان ایمان کے نتائج ہی پیدا کرتا ہے اور جو سزائیں اِس سے منسلک ہوتی ہیں وہ بطور ایمان ہی دیرپا ہوتی ہیں اور اِس سے غیر منفک ہوتی ہیں۔ مسئلے کی تہہ تک تحقیق کرنے، اُس غلطی کے عقیدے کا انکار کرتے ہوئے جو فانی اختلاف پیدا کرتا ہے اِسے تلاش کرنے اور باہر نکالنے میں جو علاج پایا جاتا ہے وہ کبھی غلط عقیدے کو قانون کے عنوان کے ساتھ عزت نہیں دے گا اور نہ ہی اِسے تابعداری میں تسلیم کرے گا۔ انسان کے لئے سچائی، زندگی اور محبت ہی واحد جائز اور ابدی شرائط ہیں اور یہ الٰہی قوانین کی فرمانبرداری پر عملدرآمد کرواتے ہوئے، روحانی شریعت دینے والے ہیں۔

الٰہی ذہانت کے قابو میں رہتے ہوئے، انسان ہم آہنگ اور ابدی ہے۔ جو کچھ جھوٹے عقیدے کی حکمرانی میں ہے وہ مخالف اور فانی ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ انسان سردی، گرمی، تھکاوٹ سے تکلیف اٹھاتا ہے۔ یہ انسانی عقیدہ ہے، نہ کہ ہستی کی سچائی، کیونکہ مادہ تکلیف نہیں اٹھا سکتا۔ فانی عقل اکیلی دُکھ اٹھاتی ہے۔

## 7۔ 32-20:447

بدی اور بیماری کو اُن کی اصلاحات میں ہی عیاں کریں اور اُن کی مذمت کریں۔ کسی گناہگار کو اِس بات کی یقین دہانی کرواتے ہوئے اُس کی اصلاح نہیں ہو سکتی کہ وہ اِس لئے گناہگار نہیں ہے کیونکہ گناہ ہے ہی نہیں۔ گناہ کو کمزور کرنے کے لئے آپ کو اِسے کھوجنا ہوگا، اِسے بے نقاب کرنا ہوگا، فریب نظری کو اجاگر کرنا ہوگا، اور یوں گناہ پر فتح مند ہوں اور اِسے غیر حقیقی ثابت کریں۔ محض یہ کہنے سے کہ بیماری ہے نہیں، بیماری سے شفا نہیں ملتی، بلکہ یہ جاننے سے ملتی ہے کہ بیماری نہیں ہے۔

ایک گناہگار پہلا پتھر مارنے سے ڈرتا ہے۔ وہ کہہ سکتا ہے، ایک عذر کے طور پر، کہ بدی غیر حقیقی ہے، لیکن اِسے سمجھنے کے لئے، اُسے اپنے بیان کو واضح کرنا چاہئے۔

## 8۔ 16-11:449(تا:)

انسانی اخلاقی پارہ، بڑھنے اور گرنے سے، اسے سکھانے کے لئے اس کی شفائیہ قابلیت اور صحتمندی کا اندراج کرتا ہے۔ جو آپ جانتے ہیں آپ کو اس پر بہتر عملدرآمد کرنا چاہئے، تو پھر آپ اپنی ایمانداری اور خلوص کے تناسب میں آگے بڑھیں گے، یہ وہ خصوصیات ہیں جو اس سائنس میں کامیابی کی ضمانت دیتی ہیں۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 9۔ 9-3:8

ہمیں کبھی کسی ایماندار دل کو مایوس نہیں کرنا چاہیئے؛ بلکہ اُن لوگوں کے لئے تھوڑی بہت امید باقی ہے جو وقفے وقفے سے اپنی بدکاری کے ساتھ سامنے آتے ہیں اور پھر اِسے چھپانے کی جگہ ڈھونڈتے ہیں۔ اُن کی دعائیں ایسی دلیلیں ہیں جو اُن کے کردار کے ساتھ میل نہیں رکھتیں۔ وہ گناہ کے ساتھ خفیہ تعلق رکھتے ہیں، اور ایسے ظاہری لوگوں کے بارے میں یسوع نے کہا کہ وہ ''سفیدی پھری قبروں کی مانند ہیں۔۔۔ جو اندر سے ہر طرح کی نجاست سے۔۔۔ بھری ہوئی ہیں۔''

## 10۔ 24-14:15

ٹھیک طریقے سے دعا کرنے کے لئے، ہمیں کوٹھڑی کے اندر جا کر دروازہ بند کرنا ہوگا۔ ہمیں ہونٹوں کو بند کرنا اور مادی حواس کو خاموش کرنا ہوگا۔ پُر خلوص خواہشات کے خاموش مقدس میں ہمیں گناہ سے انکار اور خدا کی ساری کاملیت کی التجا کرنی چاہیئے۔ ہمیں صلیب اٹھانے کی ہمت کرنی چاہیئے اور حکمت، سچائی اور محبت پر غور کرنے اور اِن پر کام کرنے کے لئے سچے دل کے ساتھ آگے بڑھنا چاہیئے۔ ہمیں ''بلاناغہ دعا کرنی'' چاہیئے۔ ایسی ہی دعا کا جواب ملتا ہے، اِس حد تک کہ ہم ہماری خواہشات کی تکمیل پاتے ہیں۔ مالک کی ہدایت یہ ہے کہ ہم پوشیدگی میں دعا کریں اور ہماری زندگیوں سے ہماری وفاداری کی گواہی دیں۔

## 11۔ 8-3:272

بائبل کا یہ سبق پلیین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

سچائی کو سمجھنے سے قبل سچائی کا روحانی فہم حاصل ہونا ضروری ہے۔ یہ فہم اُسی وقت ہمارے اندر سما سکتا ہے جب ہم ایماندار، بے غرض، پیار کرنے والے اور حلیم ہوتے ہیں۔ ایک "ایماندار اور نیک دل" کی مٹی میں بیج بویا جانا چاہئے؛ وگرنہ یہ زیادہ پھل نہیں دے گا، کیونکہ انسانی فطرت میں گندہ عنصر اسے جڑ سے اکھاڑ پھینکتا ہے۔

## 12۔ 65:1۔2

تجربہ نیکی کی درس گاہ ہونا چاہئے، اور انسانی خوشی انسان کی اعلیٰ ترین فطرت سے آگے بڑھنی چاہئے۔ مسیح، سچائی ہر دلہن کی الطار پر پانی کو مے میں بدلنے اور انسانی زندگی کو ایک ایسا الہام بنانے کے لئے موجود ہو جس سے انسان کے روحانی اور ابدی وجود کو پہچانا جا سکے۔

## 13۔ 418:5۔11

اُس غلطی کے برعکس ہستی کی سچائی پر قائم رہیں کہ زندگی، مواد یا ذہانت مادے میں ہو سکتے ہیں۔ سچ کے مخلص یقین اور الٰہی سائنس کے غیر متغیر، لاخطا اور یقینی اثر کے واضح نظریے کے ساتھ التجا کریں۔ تب، اگر آپ کی ایمانداری آپ کی التجا کی سچائی کے نصف برابر بھی ہو تو آپ بیمار کو شفا دے پائیں گے۔

# روزمرہ کے فرائض

منجاب میری بیکر ایڈی

---

## روزمرہ کی دعا

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ ہر روز یہ دعا کرے: ”تیری بادشاہی آئے؛“ الٰہی حق، زندگی اور محبت کی سلطنت مجھ میں قائم ہو، اور سب گناہ مجھ سے خارج ہو جائیں؛ اور تیرا کلام سب انسانوں کی محبت کو وافر کرے، اور اُن پر حکومت کرے۔

چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 4۔

## مقاصد اور اعمال کا ایک اصول

نہ کوئی مخالفت نہ ہی کوئی محض ذاتی وابستگی مادری چرچ کے کسی رکن کے مقاصد یا اعمال پر اثر انداز ہونے چاہئیں۔ سائنس میں، صرف الٰہی محبت حکومت کرتی ہے، اور ایک مسیحی سائنسدان گناہ کو رد کرنے سے، حقیقی بھائی چارے، خیرات پسندی اور معافی سے محبت کی شیریں آسائشوں کی عکاسی کرتا ہے۔ اس چرچ کے تمام اراکین کو سب گناہوں سے، غلط قسم کی پیشن گوئیوں، منصفیوں، مذمتوں، اصلاحوں، غلط تاثرات کو لینے اور غلط متاثر ہونے سے آزاد رہنے کے لئے روزانہ خیال رکھنا چاہئے اور دعا کرنی چاہئے۔

چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 1۔

## فرض کے لئے چوکسی

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ وہ ہر روز جارحانہ ذہنی آراء کے خلاف خود کو تیار رکھے، اور خدا اور اپنے قائد اور انسانوں کے لئے اپنے فرائض کو نہ کبھی بھولے اور نہ کبھی نظر انداز کرے۔ اس کے کاموں کے باعث اس کا انصاف ہو گا، وہ بے قصور یا قصوار ہو گا۔

چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 6۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔